SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release

For immediate Release

June 8, 2016

ایس ای سی پی نے 29 بیمہ کمپنیوں کو اظہار وجوہ کے نوٹس جاری کئے، 17 کمپنیوں کے خلاف کاروائی مکمل کی

اسلام آباد (8 جون) سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے انشورنس آرڈیننس 2000 کی مختلف شقوں کی خلاف ورزی کرنے میں انیتس (29) انشورنس کمپنیوں کو اظہار وجوہ کے نوٹس جاری کئے جبکہ سترہ (17) انشورنس کمپنیوں کے خلاف کارروائی مکمل کرتے ہوئے ان کمپنیوں کے خلاف آڈر جاری کئے۔

ایس ای سی پی کے انشورنس ڈویژن نے انشورنس آرڈیننس کی شرائط کے مطابق سالانہ گوشوارے جمع نہ کروانے یا ان میں تاخیر، سالانہ وٗڈٹ شدہ مالیاتی اکاؤنٹ جمع نہ کروانے، ان ان اکاؤنٹ میں بے ضابطگیوں، انشورنس کمپنیوں کے چیف ایگزیکٹو آفیسرز کی جانب سے قانون کے مطابق اہلیت کے معیار پر پورا نہ اترنے اور بیمہ پالیسی ہولڈرز کو کلیم کی ادائیگی میں تاخیر پر نوٹس جاری کئے گئے۔

مزید ازاں ایس ای سی پی نے انشورنس آرڈیننس کی شق 65 کے تحت ایک انشورنس کمپنی کو بورڈ کے ممبران کو بے ضابطگیوں کے نتیجے میں کو تین سال کے لئے کام کرنے سے روک دیا ہے۔ انشورنس کمپنیوں کے خلاف یہ تمام انفورسمنٹ ایکشن جنوری 2016 کے بعد سے اب تک لئے گئے۔

Media and Corporate Communications Department
Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
Cell: +92 300-9882237
Email: sajid.gondal@secp.gov.pk
www.secp.gov.pk